# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 27 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۷/نومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ آئینِ ہند ملک میں جمہوری نظام کی بنیاد: صدرِ مملکت دَروپدی مُرمو کا عندیہ؛ ملک میں سال بھر چلنے والے ''آئینی تہوار'' کا آغاز۔

☆ دستورِ ہند شہریوں کیلئے مشعل راہ ہے۔ وزیر اعظم مودی کا اظہارِ خیال، ملک کی سلامتی کو چیلنج کرنے والی طاقتوں کو منہ توڑ جواب دینے کے عزم کا اظہار۔

☆ انتخابی کمیشن کی جانب سے رائے دہی اور رائے شماری کے اعداد و شمار میں فرق ہونے کی خبروں کی تردید۔

☆ مرکزی بہبودیِ خواتین واطفال محکمہ کی جانب سے ''کمسنی کی شادی سے پاک بھارت'' مہم کا آج سے آغاز۔

اور۔۔۔☆ مرکزی حکومت کی جانب سے مہاراشٹر کو سماوی آفات سے نمٹنے کیلئے سو کروڑ کا فنڈ منظور۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو نے کہا ہے کہ ہمارے ملک کا آئین جمہوریت کا ستون ہے اور شہریوں کے انفرادی اور سماجی عزت نفس کو یقینی بنانے کا کام آئین کے ذریعے ہوتا ہے۔ گزشتہ روز یوم آئین کے موقع پر صدرِ مملکت نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے خطاب کیا، اس وقت وہ اظہارِ خیال کر رہی تھیں۔ اس مناسبت سے دستورِ ہند کو تسلیم کرنے کے امرت مہوتسو سال کے موقع پر، ''ہمارا آئین ہمارا فخر'' کے نام سے ایک سال تک چلنے والے تاریخی مہم کا افتتاح کیا گیا۔ صدر مرمو نے کہا کہ ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر نے دستور میں ترقی پسندی اور مساوات کی بنیاد رکھی تھی۔

نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، وزیرِ اعظم نریندر مودی اور لوک سبھا اسپیکر اوم برلا بھی اس تقریب میں موجود تھے۔ اس موقع پر صدر مُرمو کی رہنمائی میں آئین کی تمہید کا اجتماعی مطالعہ کیا گیا۔ دستورِ ہند کے امرت مہوتسو سال کی مناسبت سے 26 نومبر 2025 تک مختلف پروگراموں اور سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا۔

***** ***** *****

دستورِ ہند نے ملک کی ہر توقع اور ضرورت کو پورا کیا ہے اور یہ شہریوں کیلئے مشعلِ راہ بن گیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ان خیالات کا اظہار کیا ہے۔ یوم آئین کے موقع پر گزشتہ روز عدالتِ عظمیٰ میں منعقدہ پروگرام سے وزیرِ اعظم مخاطب تھے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ آئینِ ہند ملک کے حال اور مستقبل کیلئے رہنما ہے، اور گزشتہ 75 سالوں میں آئین نے ملک کو درپیش چیلنجز پر قابو پانے کا صحیح راستہ دکھایا ہے۔ انہوں نے ملک کی امن وسلامتی کو چیلنج کرنے والی کسی بھی دہشت گرد تنظیم کو منہ توڑ جواب دینے کے بھارت کے عزم پر زور دیا۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے کہا کہ ہر بھارتی شہری کا مقصد ملک کو ترقی یافتہ بنانا ہے۔ انھوں نے کہا:

*’’آج ہر دیش واسی کا ایک ہی دھیئے ہے وِکست بھارت کا نرمان، وِکست بھارت کا مطلب ہے جہاں دیش کے ہر ناگرک کو ایک کوالٹی آف لائف مل سکے، وِکنٹی آف لائف مل سکے، یہ سماجک نیائے سوشل جسٹس کا بھی بہت بڑا ماڈھیم ہے اور یہ سنویدھان کی بھی بھاؤنا ہے۔‘‘* 4

اس موقع پر چیف جسٹس، سنجیو کھنہ نے کہا کہ بھارت ایک متحرک جمہوریت اور سیاسی قیادت کے طور پر ابھر رہا ہے، اور ملک میں ترقی و تبدیلی میں آئین نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس تقریب میں بھارتی عدلیہ کی سالانہ رپورٹ بھی جاری کی گئی۔

***** ***** *****

ریاست بھر میں یومِ دستور مختلف سرگرمیوں کے ذریعے منایا گیا۔ ممبئی میں منترالیہ میں منعقدہ ایک پروگرام میں، نگراں نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے آئین کی تمہید کا مطالعہ کیا۔ ریاست کے تمام اضلاع میں بھی اجتماعی طور پر آئین کی تمہید کا مطالعہ کیا گیا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر کے کرانتی چوک سے بھارتی آئین اعزاز تحفظ کمیٹی کی جانب سے ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کے دفتر میں ایڈیشنل کمشنر رنجیت پاٹل کی موجودگی میں آئین کی تمہید پڑھی گئی۔

دھاراشیو میں ووٹر بیداری کمیٹی کی جانب سے آئین بیداری ریلی نکالی گئی۔ جیجاؤ چوک تا ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر چوک تک نکالی گئی اس ریلی میں عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ لاتور میں ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے کی موجودگی میں آئین کی تمہید پڑھی گئی اور آئین ریلی نکالی گئی۔

ناندیڑ میں گھر گھر آئین بیداری ریلی اور ضلع نہرو یوتھ مرکز کی جانب سے آئین اعزاز ریلی اور ہنگولی ضلع کے ہیورا پھاٹہ تا کلمنوری موٹر سائیکل ریلی نکالی گئی۔

پربھنی، جالنہ اور بیڑ اضلاع کے کئی اسکولوں، کالجوں، سرکاری و نیم سرکاری دفاتر اور سماجی تنظیموں کی جانب سے یومِ آئین منایا گیا۔

جالنہ شہر کے JES کالج میں طلبہ کو آئین کا حلف دلایا گیا۔ بیڑ میں ’’اپنے آئین کو پہچانو‘‘ موضوع پر انتخابی نائب ضلع کلکٹر مہندر کمار کامبڑے کا لیکچر ہوا۔

***** ***** *****

انتخابی کمیشن نے ریاست میں حالیہ اسمبلی انتخابات میں رائے دہی اور رائے شماری میں یکسانیت نہ ہونے کے الزام پر مبنی ایک آن لائن نیوز پورٹل کی رپورٹ کو مسترد کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں ریاست کے چیف انتخابی کمشنر ایس چوکّ لنگم نے متعلقہ پورٹل کے مدیران کو روانہ کردہ خط میں اس رپورٹ میں پانچ لاکھ سے زیادہ ووٹوں کی عدم مطابقت کے الزام کو گمراہ کن قرار دیا ہے۔

دریں اثنا، عدالتِ عظمیٰ نے الیکٹرانک ووٹنگ مشین کی بجائے بیلٹ پیپر پر انتخابات کرانے کا مطالبے پر مبنی مفادِ عامہ کی عرضی کو مسترد کر دیا ہے۔ جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس پی بی وراڑے کی بنچ نے مشاہدہ کیا کہ حزبِ اختلاف کی جانب سے ای وی ایم پر سوالات انتخابات میں ہار کے بعد ہی اُٹھائے جاتے ہیں۔

***** ***** *****

26۔11 کے ممبئی پر دہشت گردانہ حملوں کو کل 16 سال مکمل ہو گئے۔ ممبئی پولس کمشنریٹ میں ریاستی گورنر سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے، نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور اجیت پوار نے پھول چڑھا کر حملے میں شہید ہونے والوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ گورنر نے شہداء کے اہلِ خانہ اور موجودہ و سابق پولس افسران سے ملاقات بھی کی۔

چھترپتی سمبھاجی نگر پولس کمشنر دفتر کی جانب سے اس حملے میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا، جبکہ دیہی پولس سپرنٹنڈنٹ دفتر میں اس واقعہ میں بہادری و شجاعت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک کیلئے جان دینے والے پولس اہلکاروں کی یاد میں عطیۂ خون کیمپ منعقد کیا گیا۔

***** ***** *****

14ویں اسمبلی کی میعاد ختم ہونے پر وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے گورنر سی پی رادھا کرشنن کو کل اپنا استعفیٰ پیش کر دیا۔ گورنر نے نئی حکومت تشکیل ہونے تک نگراں وزیر اعلیٰ کے طور پر کام کرنے کی ہدایت ایکناتھ شندے کو دی ہے۔ دریں اثنا، اب نومنتخبہ ارکانِ اسمبلی پر مشتمل 15 ویں اسمبلی کی تشکیل اور نئی حکومت کے قیام کا عمل شروع ہوگا۔ تاہم، نئی حکومت کے قیام کے حوالے سے تا حال کوئی فیصلہ نہیں ہو سکا ہے۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** *****

''کمسنی کی شادی سے پاک بھارت'' مہم آج سے ملک بھر میں شروع ہو رہی ہے۔ نئی دہلی میں خواتین واطفال ترقی محکمے کی وزیر انا پورنا دیوی اس مہم کا آغاز کریں گی، ملک سے کم عمری کی شادی کے رواج کو ختم کرنا اس مہم کا مقصد ہے۔ اس مہم کے تحت ''بچوں کی شادی سے پاک بھارت'' پورٹل بھی شروع کیا جائے گا اور اس کی معرفت بیداری پھیلانے اور بچوں کی شادی کے واقعات کے بارے میں فوری معلومات حاصل کرنے کا کام کیا جائے گا۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے مہاراشٹر سمیت 15 ریاستوں میں لینڈ سلائیڈنگ کے خطرات کو کم کرنے اور شہریوں کے تحفظ کا دائرہ وسیع کرنے کیلئے تقریباً ایک ہزار 115 کروڑ 67 لاکھ روپئوں کا فنڈ منظور کیا ہے۔ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ کی صدارت میں قائم اعلیٰ سطحی کمیٹی نے یہ فیصلہ لیا ہے اور اس کے تحت مہاراشٹر کیلئے سو کروڑ روپئوں کا فنڈ منظور کیا ہے۔ اسکے ساتھ ہی تمام ریاستوں کے عوامی تحفظ کے رضا کاروں کی تربیت اور دائرۂ کار کو بڑھانے کیلئے ایک سو 15 کروڑ 67 لاکھ روپئے منظور کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کی ''سہکار سے سمرڈھی'' اسکیم کے تحت دیہی علاقوں کی مختلف سوسائٹیوں کے توسط سے 500 تا ایک ہزار میٹرک ٹن ذخیرہ کرنے کی گنجائش والے اناج کے گودام تعمیر کیے جائیں گے۔ مرکزی امدادِ باہمی محکمہ، نابارڈ اور ریاستی امدادِ باہمی وزارت کے اشتراک سے ریاست کے ہر ضلع میں اس اسکیم پر عمل درآمد کیا جائے گا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے کے مانوت تعلقے میں تجرباتی بنیادوں پر کچرے کے انتظام کے منصوبے کے تحت ''صاف ستھرا بھارت مہم'' کے ڈپٹی چیف ایگزیکٹیو آفیسر شیوراج کیندرے نے جائزہ لیا۔ مانوت پنچایت سمیتی کے تعلقوں کی منتخبہ گرام پنچایتوں کا کیندرے نے کل جائزہ لیا۔ کچرے کے انتظامات کس طرح ہوں گے اس کیلئے ایک جائزاتی اجلاس منعقد ہوا۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ آئینِ ہند ملک میں جمہوری نظام کی بنیاد: صدرِ مملکت درَوپدی مُرمو کا عندیہ؛ ملک میں سال بھر چلنے والے ''آئینی تہوار'' کا آغاز۔

☆ دستورِ ہند شہریوں کیلئے مشعلِ راہ ہے۔ وزیر اعظم مودی کا اظہارِ خیال، ملک کی سلامتی کو چیلنج کرنے والی طاقتوں کو منہ توڑ جواب دینے کے عزم کا اظہار۔

☆ انتخابی کمیشن کی جانب سے رائے دہی اور رائے شماری کے اعداد و شمار میں فرق ہونے کی خبروں کی تردید۔

☆ مرکزی بہبودیِ خواتین و اطفال محکمہ کی جانب سے ''کمسنی کی شادی سے پاک بھارت'' مہم کا آج سے آغاز۔

اور۔۔۔☆ مرکزی حکومت کی جانب سے مہاراشٹر کو سماوی آفات سے نمٹنے کیلئے سو کروڑ کا فنڈ منظور۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****